رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6023 کل نمبر : 20

pakcity.org

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ‘B ‘C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1_1 | ان میں سے تلمیح ہے : | (A) گلِ سرخ | (B) قطرۂ شبنم | (C) محمود وایاز | (D) دردِ دل |
| 2 | تلمیح کس علم کا رکن ہے : | (A) علم بیان | (B) علم بدیع | (C) علم صرف | (D) علم نحو |
| 3 | اس قلم ---- نب خراب ہے : | (A) کی | (B) کے | (C) کا | (D) کیں |
| 4 | ”پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار“ ---حرف تشبیہ ہے : | (A) پھول | (B) صحرا | (C) یا | (D) پریاں |
| 5 | مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا ---- : | (A) کیا | (B) کی | (C) کیں | (D) کیے |
| 6 | جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے، اسے کہتے ہیں : | (A) وجہ شبہ | (B) حرف تشبیہ | (C) غرض تشبیہ | (D) طرفین تشبیہ |
| 7 | دوستوں کے ساتھ دغا نہیں ---- : | (A) کرنا چاہیے | (B) ہونا چاہیے | (C) کرنی چاہیے | (D) کرنے چاہئیں |
| 8 | خالد نے ٹکٹ خرید ---- : | (A) لی ہے | (B) لیں | (C) رکھی ہے | (D) لیا ہے |
| 9_1 | ”گلی میں نکلا چاند۔۔“ استعارہ کی نشان دہی کیجیے : | (A) گلی | (B) میں | (C) نکلا | (D) چاند |
| 10 | دوستوں نے مل کر رات بھر تاش ---- : | (A) کھیلا | (B) کھیلی | (C) دیکھی | (D) دیکھیں |
| 11 | قافیہ کے معانی ہیں : | (A) ہو بہو | (B) ہم آواز | (C) رنگا رنگ | (D) ہم شکل |
| 12 | بُصریٰ کے کارواں سالار کی مثالیں ڈھونڈو، اگر : | (A) واعظ اور ناصح ہو | (B) سفری کاروبار میں ہو | (C) فاتح ہو | (D) منصف ہو |
| 13 | غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا : | (A) پہلا شعر | (B) دوسرا شعر | (C) مطلع | (D) حسنِ مطلع |
| 14 | حضرت قمر نے اپنی نظم میں زندگی کو تشبیہ دی : | (A) طوفان سے | (B) عقاب سے | (C) باغ سے | (D) میلے سے |
| 15 | حسنِ مطلع پایا جاتا ہے : | (A) مطلع سے پہلے | (B) مطلع کے درمیان | (C) مطلع کے آغاز میں | (D) مطلع کے بعد |
| 16 | مرزا غالبؔ کے بقول نواب مصطفیٰ خاں کے معالج تھے : | (A) حکیم پٹیالے والے | (B) حکیم اجمل خاں | (C) گورداس پور کے حکیم | (D) احسن اللہ خاں |
| 17 | جو لفظ ہو بہو دہرائے جائیں، کہلاتے ہیں : | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) قافیہ | (D) ردیف |
| 18 | سرسید کے بقول پانی خود آ جاتا ہے : | (A) پنسال میں | (B) جگ میں | (C) دریاؤں میں | (D) تالاب میں |
| 19 | ”کیوں سنے عرضِ مضطرب مومنؔ صنم آخر خدا نہیں ہوتا“ یہ شعر اصطلاح میں ہے : | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) مطلع ثانی | (D) حسنِ مطلع |
| 20 | نوجوان سیمنٹ کی بنچ پر بیٹھا غور سے دیکھ رہا تھا : | (A) بچوں کو | (B) زن و مرد کو | (C) قالین فروش کو | (D) ٹیکسی والے کو |

1-224-I-(Objective Type)-28500 (6023)


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2022-2020 تا 2025-2023)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔ا) وقت : 2.40 گھنٹے

pakcity.org

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ، ہزار
خواہاں تھے زیبِ گلشن زہراؑ جو آب کے شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر مجھ کو وہ میرے نام سے ، پہچان تو گیا
بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل مرا گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا
ہوش وحواس و تاب وتواں ، داغ ! جا چکے اب ہم بھی جانے والے ہیں، سامان تو گیا

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک ، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

3۔ (ب) کلکتہ کے فساد کے حالات اخبار میں پڑھے تھے آج مزید حالات پڑھے۔ خداتعالیٰ مسلمانوں پر فضل کرے۔ مجھے بھی کلکتہ سے بلاوا آیا تھا اور میں جانے کو قریباً تیار بھی تھا مگر جب مطبوعہ خط کا مضمون والدِ مکرم کو سنایا تو انھوں نے فرمایا کہ حکام غالبًا یہ جلسہ بند کر دیں گے۔ بعد میں ایسا ہی ہوا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ : (الف) اوورکوٹ ۔ (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا ۔ 9,1

5۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دوخواتین کے درمیان ٹیلی ویژن ڈراموں کے معیار پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجیے۔ 10

یا

یوم آزادی کی تقریب کی رُوداد قلمبند کیجیے۔

7۔ کمشنر کے نام پبلک لائبریری کے قیام کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

رشوت ہمارے معاشرے کا مہلک مرض ہے۔ یہ سرطان سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اس نے عدل وانصاف کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا ہے۔ جس نے تمام محکموں کو اپاہج بنا کر رکھ دیا ہے۔ بیس کروڑ انسان فائلوں تلے سسک رہے ہیں۔ کمیشن جیسی اصطلاح نے رشوت کو ایسا لبادہ اوڑھا دیا ہے کہ لوگ اسے اپنا حق سمجھ کر وصول کر رہے ہیں۔ "رشوت" راتوں رات امیر بننے کی حسرت کا نتیجہ ہے۔ یہ مقابلے کا دور ہے اور یہ مقابلہ، مال ودولت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا مقابلہ ہے۔ رشوت کے راستے اس دوڑ میں آگے بڑھنے کا نتیجہ دنیا میں معاشرتی اور اخلاقی اقدار کی تباہی اور آخرت میں دوزخ کا ایندھن بننے کے سوا کچھ نہیں۔

1-224-I-(Essay Type)-11000


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 6028** کل نمبر : 20

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ''اسرارِخودی'' کا عربی میں ترجمہ کرانا چاہتا تھا : | (A) ایک عرب | (B) ایک ہندوستانی | (C) ایک انگریز | (D) ایک جرمن |
| 2 | ''مقطع'' کے لغوی معنی ہیں : | (A) چھپنے کی جگہ | (B) بیٹھنے کی جگہ | (C) مل جانے کی جگہ | (D) کٹ جانے کی جگہ |
| 3 | غزل کے اشعار میں قافیے کا استعمال ہے : | (A) لازمی | (B) غیر ضروری | (C) کوئی پابندی نہیں | (D) بے فائدہ |
| 4 | مشتاق احمد یوسفی نے ''طائرِ لاہوتی'' کے الفاظ استعمال کیے : | (A) مرغیوں کے لیے | (B) عقاب کے لیے | (C) کبوتر کے لیے | (D) کرگس کے لیے |
| 5 | لاہور کی ''انجمن'' نے مولانا گرامی کو لاہور آنے کی دعوت دی: | (A) انجمن خدام ملت | (B) انجمن پنجاب | (C) انجمن حمایت اسلام | (D) انجمن خدام الدین |
| 6 | زہراوی کے عہد میں مغرب کی عظیم یونی ورسٹی تھی : | (A) قرطبہ یونی ورسٹی | (B) آکسفورڈ یونی ورسٹی | (C) علی گڑھ یونی ورسٹی | (D) اسلامک یونی ورسٹی |
| 7 | ''حسنِ مطلع'' آتا ہے : | (A) اصل مطلع سے پہلے | (B) اصل مطلع کے بعد | (C) غزل کے درمیان میں | (D) غزل کے آخر میں |
| 8 | ردیف ۔۔۔ زبان کا لفظ ہے : | (A) ہندی | (B) فارسی | (C) اُردو | (D) عربی |
| 9-1 | ہوبہو دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں : | (A) قافیہ | (B) ردیف | (C) تحریف | (D) تہذیب |
| 10 | حضرت قمر کو تقریب میں ''سبق'' ملا : | (A) ادب لکھنا ضروری ہے | (B) ادبی خدمت پوری عبادت ہے | (C) ادب محنت سے پیدا ہوتا ہے | (D) ادب بغیر لالچ کے پیدا ہوتا ہے |
| 11 | تشبیہ کے لیے لازم ہے : | (A) مشترک آواز | (B) مشترک صفت | (C) مشترک لفظ | (D) مشترک بناوٹ |
| 12 | بچوں کو طیش آ ۔۔۔ : | (A) گئی | (B) گیا | (C) گئے | (D) گئیں |
| 13 | استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے : | (A) مجاز پر | (B) حقیقت پر | (C) ظاہریت پر | (D) داخلیت پر |
| 14 | زندگی کمپیوٹر ۔۔۔ نہیں : | (A) مانند | (B) جیسے | (C) جیسا | (D) جیسی |
| 15 | تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے : | (A) دو | (B) تین | C) چار | (D) پانچ |
| 16 | نیک لوگوں کو فردوس ملے ۔۔۔ : | (A) گا | (B) گی | (C) گے | (D) گیں |
| 17 | ''میرا چاند آگیا'' اس میں وجہِ جامع ہے : | (A) چاند | (B) خوب صورتی | (C) بیٹا | (D) آگیا |
| 18 | ایسی باتوں سے رعب ختم ہو ۔۔۔ ہے : | (A) جاتی | (B) جاتا | (C) جاتے | (D) جاتیں |
| 19 | جنوری کے بعد فروری ۔۔۔ ہے : | (A) آتی | (B) آتیں | (C) آتا | (D) آتے |
| 20 | ''اناالحق'' ہے : | (A) استعارہ | (B) تلمیح | (C) تشبیہ | (D) وجہِ تشبیہ |

2-224-II-(Objective Type)-27000 (6028)



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ ۔I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

یہ استقلال کا پرچم ہے ، استحکام کا پرچم شہیدوں غازیوں کے ہاتھ سے ، انعام کا پرچم
ہلالی خنجر ، انگشتِ شہادت کا اشارا ہے یہ سیف اللہ کا پر تو ، فلک پر آشکارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لیے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی اور رہنما بنایا جاوے تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔ حقیقت میں ایسا ہونا قوت کی پرستش ہے اور اس کے نتائج انسان کو ایسا ہی حقیر بنا دیتے ہیں جیسے کہ صرف دولت کی پرستش سے انسان حقیر و ذلیل ہو جاتا ہے۔

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org

3۔ (ب) ایک اور سنگین غلط فہمی جس میں خواص و عوام مبتلا ہیں اور جس کا ازالہ میں رفاہِ عام کے لیے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں، یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے اور ٹاپے میں رہتی ہیں۔ میرے ڈیڑھ سال کے مختصر مگر بھرپور تجربے کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں اپنے ورود و نزول کا ناقابلِ تردید ثبوت چھوڑ جاتی ہیں۔ ان آنکھوں نے بارہا غسل خانے سے انڈے اور کتابوں کی الماری سے جیتے جاگتے چوزے نکلتے دیکھے۔

EDUCATION pakcity.org

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ : (الف) سفارش ۔ (ب) ابوالقاسم زہراوی ۔ 9,1

5۔ سید محمد جعفری کی نظم '' ایبسٹریکٹ آرٹ '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو طالب علموں کے درمیان شجرکاری کی اہمیت کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں منعقد ہونے والی انسداد منشیات تقریب کی رُوداد قلمبند کیجیے۔

7۔ پرنسپل صاحب کے نام مالی امداد کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اُس کی ماں ہے سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی کی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت اِن کے سامنے وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طریقے پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھر میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

2-224-II-(Essay Type)-108000



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2023

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔ا) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : ا (معروضی طرز) PAPER CODE = 6025 کل نمبر : 20

pakcity.org

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | غزل کے اشعار میں قافیے کا استعمال ۔۔۔ : | (A) غیر ضروری ہے | (B) لازمی ہے | (C) کوئی پابندی نہیں | (D) کبھی کبھار ہو |
| 2 | ردیف کے الفاظ کی تعداد ہوتی ہے : | (A) ایک | (B) دو | (C) تین | (D) تعداد مقرر نہیں |
| 3 | یہ اکبر ۔۔۔ ترازو ہے : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کو |
| 4 | مطلع ہوتا ہے : | (A) غزل میں | (B) نظم میں | (C) رباعی میں | (D) نثر میں |
| 5 | ناصر کو اُردو نہیں ۔۔۔ : | (A) آتی | (B) آتا | (C) آتے | (D) آتیں |
| 6 | تخلص لازمی ہے : | (A) مقطع میں | (B) مطلع میں | (C) نظم میں | (D) غزل میں |
| 7 | میز خالی ۔۔۔ ہے : | (A) پڑا | (B) پڑیں | (C) پڑے | (D) پڑی |
| 8 | ۔۔۔ قلم بہت خوبصورت ہے : | (A) میرا | (B) میری | (C) میرے | (D) تیری |
| 9-1 | ردیف سے پہلے آتا ہے : | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) استعارہ | (D) قافیہ |
| 10 | اُس نے حلف۔۔۔ : | (A) لی | (B) لیے | (C) لیا | (D) لیں |
| 11 | زہراوی کی کتاب کا نام ہے: | (A) آواز دوست | (B) تفسیر | (C) تصریف | (D) تعریف |
| 12 | مشبہ اور مشبہ بہ کا ذکر ہوتا ہے : | (A) استعارہ میں | (B) ردیف میں | (C) تشبیہ میں | (D) تلمیح میں |
| 13 | عبارت یہ کہ اسداللہ خاں : | (A) پنسن دار | (B) تھانیدار | (C) جمعدار | (D) تابعدار |
| 14 | ”کی سی ہے“ علم بیان کی رُو سے ہے : | (A) قافیہ | (B) استعارہ | (C) حرف تشبیہ | (D) طرفین تشبیہ |
| 15 | اچھن کے باپ کی تنخواہ تھی : | (A) بیس روپے | (B) دس ہزار | (C) دس روپے | (D) تیس روپے |
| 16 | استعارہ کے ارکان ہیں : | (A) پانچ | (B) تین | (C) چار | (D) چھ |
| 17 | استعارہ اصطلاح ہے : | (A) علم بیان کی | (B) علم الکلام کی | (C) علم التعلیم کی | (D) کوئی بھی نہیں |
| 18 | لارنس گارڈن اب کہلاتا ہے : | (A) کمپنی باغ | (B) اقبال پارک | (C) باغ جناح | (D) شالامار باغ |
| 19 | ”چاہِ یوسف“ ہے : | (A) تشبیہ | (B) استعارہ | (C) تلمیح | (D) قافیہ |
| 20 | قمر کی بیوی کا نام ہے : | (A) رضیہ | (B) صفیہ | (C) نجمہ | (D) سکینہ |

1-223-I-(Objective Type)-30500 (6025)

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2023

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 223۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔ا) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

pakcity.org

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

تُو ہے خلوت میں تُو ہے جلوت میں کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تُو ہے
نہیں تیرے سوا ، یہاں کوئی میزباں تُو ہے ، مہماں تُو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

اَب تو کچھ اور ہی ، اعجاز دکھایا جائے شام کے بعد بھی سورج ، نہ بجھایا جائے
نئے انساں سے تعارف جو ہوا ، تو بولا میں ہوں سقراط ، مجھے زہر پلایا جائے
موت سے کس کو مفر ہے ، مگر انسانوں کو پہلے جینے کا سلیقہ ، تو سکھایا جائے

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) تیسری قسم خیالی طلبہ کی ہے۔ یہ اکثر روپ ، اخلاق اور آواگون اور جمہوریت پر بآوازِ بلند تبادلہ خیالات کرتے پائے جاتے ہیں اور آفرینش اور نفسیات کے متعلق نئے نئے نظریے پیش کرتے رہتے ہیں۔ صحتِ جسمانی کو ارتقائے انسانی کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ اس لیے علی الصباح پانچ چھے ڈنٹر پیلتے ہیں اور شام کو ہوسٹل کی چھت پر گہرے سانس لیتے ہیں۔ گاتے ضرور ہیں لیکن اکثر بےسُرے ہوتے ہیں۔

3۔ (ب) اچھن پیچ وتاب کھاتی اپنی چارپائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑکھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے ۔۔۔۔۔۔ لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ تو جیسے حلق میں ہی پھنس کر رہ گیا تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے : (الف) ادیب کی عزت ۔ (ب) اور آنا گھر میں مُرغیوں کا ۔ 9,1

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم ”پیغام“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

جلسہ سیرت النبی ﷺ کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ ”وصولی رقم بابت موٹرسائیکل فروخت“ کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

عہدِ حاضر میں کوئی بھی باشعور فرد خواتین کو تعلیم کے حصول سے نہیں روکتا۔ کیوں کہ زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تعلیم عورتوں کے لیے اتنی ہی ضروری ہے جتنی مردوں کے لیے۔ ہاں اب سوچنا یہ ہے کہ عورتوں کو کیسی تعلیم دی جائے؟ کیا عورت کو وہی نصاب پڑھایا جائے جو مردوں کو پڑھایا جاتا ہے یا ان کے لیے الگ نصاب مرتب کیا جائے۔ یقیناً پرائمری کے دو تین درجوں کے بعد لڑکیوں کا نصاب لڑکوں سے مختلف ہونا چاہیے تا کہ جس مقصد کے پیشِ نظر ہم لڑکیوں کو تعلیم دینا چاہتے ہیں وہ پورا ہو سکے۔

2-223-II-(Essay Type)-115000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Lahore Board-2023

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) — 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) — PAPER CODE = 6028 — کل نمبر : 20

pakcity.org

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ،B ،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | قمر نے اپنے آپ کو کس سے تشبیہ دی : | (A) چاند سے | (B) سورج سے | (C) آسمان سے | (D) چراغ سے |
| 2 | جس چیز کا نام یا صنعت استعارہ کے طور پر استعمال کی جائے وہ کہلاتی ہے : | (A) مشبہ | (B) مستعارلہ | (C) مستعارمنہ | (D) مشبہ بہ |
| 3 | ۔۔۔ کا علم بدیع سے تعلق ہے : | (A) تلمیح | (B) استعارہ | (C) تشبیہ | (D) تشبیہ۔استعارہ |
| 4 | طلبہ کی خالص ترین قسم کون سی ہے : | (A) خیالی | (B) خالی | (C) جمالی | (D) جلالی |
| 5 | مرزا عبدالودود بیگ کا ذکر کس سبق میں ملتا ہے : | (A) اور آنا گھر میں مرغیوں کا | (B) سرسید کے اخلاق وخصائل | (C) اپنی مدد آپ | (D) مکتوباتِ اقبال |
| 6 | ''حاشا وکلّا'' سے کیا مراد ہے : | (A) ممکن ہے | (B) ہرگز نہیں | (C) بالکل ٹھیک | (D) لاپتہ |
| 7 | ''پتھروں جیسے کڑے لفظ نہ پھینکو مجھ پر ٹوٹ جاتا ہوں، بہت جلد بکھر جاتا ہوں'' اس شعر میں پتھر ہے : | (A) مشبہ بہ | (B) مشبہ | (C) اداتِ تشبیہ | (D) طرفین تشبیہ |
| 8 | ''دانت موتی کی طرح چمک دار ہیں'' اس میں مشبہ ہے : | (A) موتی | (B) مانند | (C) چمک دار | (D) دانت |

( 2 )

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9-1 | ''میں ڈٹا ہوا ہوں صداقتوں کے محاذ پر مری کربلا کی روایتیں مرے ساتھ ہیں'' اس شعر میں کربلا ہے : | (A) تشبیہ | (B) تلمیح | (C) استعارہ | (D) صنعتِ تضاد |
| 10 | ہسپتال کے شعبہ حادثات میں اسسٹنٹ سرجن کا کیا نام تھا : | (A) مسٹر اردان | (B) مسٹر جان | (C) مسٹر خان | (D) مسٹر عدنان |
| 11 | اُفق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہا جاتا ہے : | (A) مقطع | (B) مطلع | (C) قافیہ | (D) ردیف |
| 12 | سرسید کے کھانوں میں زیادہ تر تعداد اور تلون نہیں ۔۔۔ : | (A) ہوتی تھیں | (B) ہوتی تھی | (C) ہوتا تھا | (D) ہوتیں تھی |
| 13 | لفظ ''قافیہ'' کی جمع ہے : | (A) قاف | (B) وقوف | (C) قوافی | (D) فوق |
| 14 | اسے قصد ہو ۔۔۔ ہے : | (A) چکا | (B) چکی | (C) چکے | (D) چکیں |
| 15 | ''قصیدہ کیا لکھوں اس مہرباں کا سلیقہ جب نہیں حسنِ بیاں کا'' اس میں ردیف ہے : | (A) مہرباں۔بیاں | (B) کا | (C) سلیقہ | (D) قصیدہ |
| 16 | اس ۔۔۔ سرگزشت دردناک ہے : | (A) کی | (B) کا | (C) کے | (D) کیں |
| 17 | ''سخت کافر تھا جس نے پہلے میرؔ مذہبِ عشق اختیار کیا'' یہ شعر غزل کا ہے : | (A) ردیفی | (B) غیر مردف | (C) مطلع | (D) مقطع |
| 18 | علی سالار کو جونک لگ ۔۔۔ ہے : | (A) گئی | (B) گیا | (C) گئے | (D) گئیں |
| 19 | ظرافت اور خوش طبعی ان ۔۔۔ جبلت میں داخل ہے : | (A) کے | (B) کیں | (C) کا | (D) کی |
| 20 | ''ہر کوئی اب ستم رسیدہ ہے شہر کا شہر آب دیدہ ہے'' اِس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کیجیے : | (A) ستم رسیدہ۔آب دیدہ | (B) شہر کا شہر | (C) ہر کوئی | (D) ستم |

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2023

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 223 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔ا) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہو گی اک دنیا نئی خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہو جائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو وہی رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) ایک دن موسلادھار بارش ہو رہی تھی۔ تھکاماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مُرغے میرے پلنگ پر ہیں۔ سفید چادر پر جابجا پنجوں کے تازہ نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت بُرا معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا ”آخر یہ گلا پھاڑ پھاڑ کے کیوں چیخ رہے ہیں؟“

(ورق الٹیے)



3۔ (ب) اچھن پیچ وتاب کھاتی اپنی چارپائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑکھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے ۔۔۔۔۔۔ لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ تو جیسے حلق میں ہی پھنس کر رہ گیا تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے : (الف) ادیب کی عزت ۔ (ب) اور آنا گھر میں مُرغیوں کا ۔ 9,1

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم ”پیغام“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

جلسہ سیرت النبی ﷺ کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ ”وصولی رقم بابت موٹرسائیکل فروخت“ کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

عہدِ حاضر میں کوئی بھی باشعور فرد خواتین کو تعلیم کے حصول سے نہیں روکتا۔ کیوں کہ زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تعلیم عورتوں کے لیے اتنی ہی ضروری ہے جتنی مردوں کے لیے۔ ہاں اب سوچنا یہ ہے کہ عورتوں کو کیسی تعلیم دی جائے؟ کیا عورت کو وہی نصاب پڑھایا جائے جو مردوں کو پڑھایا جاتا ہے یا ان کے لیے الگ نصاب مرتب کیا جائے۔ یقیناً پرائمری کے دو تین درجوں کے بعد لڑکیوں کا نصاب لڑکوں سے مختلف ہونا چاہیے تا کہ جس مقصد کے پیشِ نظر ہم لڑکیوں کو تعلیم دینا چاہتے ہیں وہ پورا ہو سکے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) — 222 - (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) — PAPER CODE = 6023 — کل نمبر : 20

pakcity.org

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | اردو غزل میں سب سے زیادہ مطلع پائے گئے ہیں : | (A) ایک | (B) تین | (C) دو | (D) پانچ |
| 2 | قافیہ آتا ہے : | (A) ردیف کے بعد | (B) شعر کے درمیان میں | (C) شعر کے شروع میں | (D) ردیف سے پہلے |
| 3 | اسلم نے اونٹ کو نکیل ۔۔۔۔ : | (A) ڈالا | (B) ڈالیں | (C) ڈالی | (D) ڈالے |
| 4 | اصطلاح میں مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے : | (A) دوسرا | (B) تیسرا | (C) پہلا | (D) آخری |
| 5 | شریف آدمی پر کیچڑ ۔۔۔۔ : | (A) اچھالا گیا | (B) اچھالی گئی | (C) اچھالے گئے | (D) ڈالا گیا |
| 6 | جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کہتے ہیں : | (A) مردّف غزل | (B) غیر مردّف غزل | (C) نظم | (D) قصیدہ |
| 7 | گیہوں صحن میں پھیلا ۔۔۔۔ : | (A) دیا | (B) دیئے | (C) دی | (D) دیں |
| 8 | شرارتی لڑکوں نے کمرے میں اودھم مچا ۔۔۔ ہے : | (A) رکھی | (B) رکھے | (C) رکھا | (D) رکھیں |
| 9-1 | تخلص کا ہونا ضروری ہے : | (A) مقطع میں | (B) مطلع میں | (C) غزل میں | (D) نظم میں |
| 10 | محفل میں جماہی ۔۔۔ اچھی بات نہیں : | (A) لینی | (B) لیتا | (C) لیتے | (D) لینا |
| 11 | طرفین تشبیہ کہلاتے ہیں : | (A) تشبیہ اور استعارہ | (B) مشبہ بہ | (C) مشبہ اور مشبہ بہ | (D) مشترکہ صفت |
| 12 | سبق ”اوورکوٹ“ کا اختتام کس چیز کے ذکر پر ہوا : | (A) بید کی چھڑی پر | (B) فلیٹ ہیٹ پر | (C) گلوبند پر | (D) رومال پر |
| 13 | استعارہ کے کتنے ارکان ہیں : | (A) پانچ | (B) چار | (C) تین | (D) چھ |
| 14 | ”التصریف“ کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کب ہوا : | (A) 1641ء | (B) 1847ء | (C) 1890ء | (D) 1881ء |
| 15 | ”ابن مریم“ علم بیان کی رُو سے ہے : | (A) تشبیہ | (B) استعارہ | (C) تلمیح | (D) مشبہ بہ |
| 16 | نواب مصطفیٰ خاں رہا ہو کر کس شہر میں قیام پذیر ہوئے : | (A) لکھنؤ | (B) میرٹھ | (C) دہلی | (D) بنارس |
| 17 | ”پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے“ میں حرف تشبیہ کیا ہے : | (A) کی سی | (B) پنکھڑی | (C) گلاب | (D) اِک |
| 18 | ”سفارش“ کے مصنف کا نام ہے : | (A) غلام عباس | (B) شفیع عقیل | (C) احمد ندیم قاسمی | (D) پریم چند |
| 19 | کس چاند سے آنکھ جا لڑی ہے میں ”چاند“ ہے : | (A) مشبہ | (B) استعارہ | (C) مستعارلہ | (D) مستعارمنہ |
| 20 | سرسید کے مطابق کون سا عمل انسان کو انسان بناتا ہے : | (A) اپنی مدد آپ | (B) عملی تعلیم | (C) اعلیٰ تعلیم | (D) اعلیٰ اخلاق |

1-222-I-(Objective Type)-30500 (6023)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) 222 - (انٹر پارٹ-I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے : 8,1,1

گنوا دی ہم نے، جو اسلاف سے میراث پائی تھی ثُریّا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی جو دیکھیں اُن کو یورپ میں تو دِل ہوتا ہے سیپارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے : 9,1

یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُو برو کرتے ہم اور بلبل بے تاب، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا تمام عمر رفُوگر رہے، رفو کرتے

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے : 10,3,1,1

(الف) ہم چلتے پھرتے بھی ہیں، اٹھتے بیٹھتے بھی، کھاتے پیتے بھی ہیں، سوتے جاگتے بھی، ہنستے بھی ہیں روتے بھی، پہنتے بھی ہیں اتارتے بھی، سیکھتے بھی ہیں سکھاتے بھی، مرتے بھی ہیں مارتے بھی، کھاتے بھی ہیں اور کھلاتے بھی، احسان لیتے بھی ہیں اور کرتے بھی ہیں، اپنی جان دیتے بھی ہیں اور بچاتے بھی، عبادت و دعا بھی کرتے ہیں اور کاروبار بھی، مہمان بھی بنتے ہیں اور میزبان بھی۔ ہمیں ان تمام امور جو ہمارے افعال جسمانی سے تعلق رکھتے ہیں، کے لیے عملی نمونے کی ضرورت ہے جو ہر نئی حالت کے پیش آنے میں ایک نئی ہدایت کا سبق اور نئی رہنمائی کا درس دے۔

3۔ (ب) دوستوں اور مہمانوں سے ان کا دسترخوان بہت کم خالی ہوتا تھا۔ جس دن کوئی مہمان نہ ہوتا وہ کھانا کھاتے وقت بشاش نہ ہوتے تھے اور جس دن زیادہ مہمان ہوتے اس دن ان کے گھر عید ہوتی تھی۔ کھانوں میں زیادہ تر تعدد اور تکلف نہیں ہوتا تھا مگر کھانا عموماً عمدہ ہوتا تھا۔ اگر کسی موقع پر کھانا عمدہ نہیں ملتا تھا تو جیسا مل جاتا تھا خوشی سے، بغیر ناک منہ چڑھائے سیر ہو کر کھا لیتے تھے۔ فصل کی ترکاریاں اور فواکہ خصوصاً آم اور خربوزے نہایت مرغوب تھے۔

1,9 4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی لکھیے : (الف) سفارش۔ (ب) چراغ کی لَو۔

5 5۔ اختر شیرانی کی نظم ”برسات“ کا خلاصہ لکھیے۔

10 6۔ ترکاری فروش اور گاہک کے مابین ہونے والی گفتگو مکالمے کی صورت میں تحریر کیجیے۔

یا

کالج میں سال دوم کی الوداعی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

10 7۔ پرنسپل صاحب کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔

10 8۔ مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے :

استاد کا فریضہ یہ ہے کہ طالب علم کے ساتھ خوش مزاجی اور نرمی کا برتاؤ کرے اور اپنی سرپرستی کی ذمہ داری کو خوش اسلوبی سے انجام دے، تم اپنے آپ کو ایسی شخصیت ثابت کرو کہ جوان کی معنوی ضرورتوں کے مطابق خلوص کے ساتھ تیاری کرے، مطالب حاصل کرے اور پھر آہستہ آہستہ یہ مطالب ان تک پہنچائے اور انھیں آمادہ کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ تم ان کے لیے خیر خواہ بنو، ان کے ساتھ سخت برتاؤ نہ کرو اور انھیں نصیحت کرنے والے بنو، جیسے کوئی سرپرست اپنی سرپرستی میں آنے والے افراد کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔ ان کی کوتاہیوں کے مقابلے میں صبر و حوصلے کا مظاہرہ کرو۔ اگر ان شرائط پر عمل کرو گے تو تم اس کے لیے اچھے رہبر و رہنما ثابت ہو سکو گے اور اس کی امیدوں کا محور بن سکو گے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) 222 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6026 کل نمبر : 20

pakcity.org

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | وہ مقصد جس کے لیے تشبیہ دی جاتی ہے وہ ہے : | (A) مشبہ | (B) حرف تشبیہ | (C) غرض تشبیہ | (D) طرفین تشبیہ |
| 2 | حروفِ تشبیہ کا دوسرا نام کیا ہے : | (A) مشبہ | (B) اداتِ تشبیہ | (C) مشبہ بہ | (D) غرضِ تشبیہ |
| 3 | قرطبہ شہر میں عام لوگوں کے مکانات تھے : | (A) دولاکھ | (B) ایک لاکھ | (C) تین لاکھ | (D) چارلاکھ |
| 4 | مستعارلہ اور مستعارمنہ کو کیا کہتے ہیں : | (A) طرفین تشبیہ | (B) وجہ جامع | (C) طرفین استعارہ | (D) وجہ شبہ |
| 5 | لاہور کی سب سے بڑی صنعت ہے : | (A) رسالہ سازی | (B) انجمن سازی | (C) دندان سازی | (D) چمڑا سازی |
| 6 | استعارہ کے لفظی معنی کیا ہیں : | (A) مستعار لینا | (B) شمار کرنا | (C) ادھار دینا | (D) قرض اتارنا |
| 7 | " اوورکوٹ " کا اختتام کس چیز کے ذکر پر ہوا : | (A) بید کی چھڑی پر | (B) فلیٹ ہیٹ پر | (C) اوورکوٹ پر | (D) گلوبند پر |
| 9-1 | ان میں سے تلمیح کیا ہے : | (A) آگ | (B) سمندر | (C) بادشاہ | (D) آبِ حیات |
| 10 | بقول غالب صاحبِ فراش ہوتے ہوتے وہ مسودات کس طرح دیکھتے ہیں : | (A) لیٹے لیٹے | (B) چلتے پھرتے | (C) کھڑے کھڑے | (D) بیٹھے بیٹھے |
| 11 | اس ۔۔۔۔ ناک ستواں ہے : | (A) کا | (B) کے | (C) کی | (D) کو |
| 12 | جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں : | (A) مسلسل غزل | (B) مقفیٰ غزل | (C) غیر مردّف | (D) مردّف |
| 13 | مرض ۔۔۔۔ جوں جوں دوا کی : | (A) بڑھتی گئی | (B) بڑھتا گیا | (C) بڑھتی گئیں | (D) بڑھتے گئے |
| 14 | قافیہ کا لغوی معنی ہے : | (A) پے در پے آنے والا | (B) طلوع کرنا | (C) تکرار | (D) کوئی بھی نہیں |
| 15 | یہ اردو ۔۔۔۔۔۔۔ بہترین لغت ہے : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کو |
| 16 | قافیہ کہتے ہیں : | (A) غزل کا پہلا شعر | (B) غزل کا آخری شعر | (C) ردیف سے پہلے استعمال ہونے والے ہم وزن الفاظ | (D) بار بار دہرائے جانے والے الفاظ |
| 17 | مقطع کس لفظ سے ماخوذ ہے : | (A) قطعہ | (B) قطع | (C) رباعی | (D) مسدس |
| 18 | ذرا سی دیر میں جھاگ ۔۔۔۔ : | (A) بیٹھ گئی | (B) بیٹھ گیا | (C) بیٹھ گئے | (D) بیٹھ گئیں |
| 19 | مطلع کے لغوی معنی ہیں : | (A) طلوع ہونے کی جگہ | (B) غروب ہونے کی جگہ | (C) ابتدا کرنا | (D) ختم کرنا |
| 20 | اُس نے مجھ سے حلف۔۔۔۔ : | (A) لیا | (B) لی | (C) لیے | (D) لیں |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2022

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) 222 - (انٹر پارٹ-I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

ہلالِ خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا جو خود قربان ہو کر ، بھر گئے دامن نویدوں کا

حسینؓ ابن علیؓ کے اسوۂ مردانہ کا پرچم برائے شمع ملت ، سوزشِ پروانہ کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 9,1

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم حرفِ ناصح بُرا نہیں ہوتا

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے : 10,3,1,1

(الف) میر بادشاہ میرے پاس آئے تھے۔ تمہاری خیر و عافیت ان سے معلوم ہوئی تھی۔ میر قاسم علی صاحب مجھ سے نہیں ملے۔ پرسوں سے نواب مصطفیٰ خاں صاحب یہاں آئے ہوئے ہیں۔ ایک ملاقات ان سے ہوئی ہے۔ ابھی یہیں رہیں گے، بیمار ہیں، احسن اللہ خاں معالج ہیں، فصد ہو چکی ہے، جونکیں لگ چکی ہیں، اب مسہل کی فکر ہے، سوا اس کے سب طرح کی خیر و عافیت ہے۔

3۔ (ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل بھی نہیں رہا۔ اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔ اس لئے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے : (الف) اپنی مدد آپ۔ (ب) دوستی کا پھل۔ 1,9

5۔ دلاور فگار کی نظم " لوکل بس " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو بزرگوں کے درمیان بچپن کی سنہری یادوں کے حوالے سے ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں لکھیے۔ **یا** عیدالاضحیٰ کے دن کی رُوداد لکھیے۔ 10

7۔ کالج کے پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 10

عشق ایک خاصہ پیہم آرزو ہے۔ اقبال کا تصور عشق ہمارے دوسرے شعراء کے نام نہاد رسمی عشق سے بالکل مختلف ہے۔ ان کے ہاں وہ زندگی کا ایک زبردست محرک عمل ہے۔ اقبالؒ عشق سے تسخیر فطرت کا کام لیتا ہے اور اس کے ذریعے اپنے دل کو کائنات سے متحد بھی کرتا ہے۔ اس کی بدولت انسان کی نظر اتنی بلند ہو جاتی ہے کہ وہ اپنی ہمت مردانہ کے سامنے جبریلؑ کو صیدِ زبوں سمجھنے لگتا ہے اور اپنے وجدان کی کمند سے ذاتِ یزداں پر قابو پانے کے منصوبے سوچتا ہے۔ یہ ایک وجدانی کیفیت ہے جس کا خاصہ مستی انہماک اور جذب کلی ہے۔

2-222-II-(Essay Type)-115000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

pakcity.org

اردو (لازمی) 219 - (انٹرپارٹ-I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6025 کل نمبر : 20

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ارکانِ استعارہ کتنے ہیں: | (A) تین | (B) چار | (C) پانچ | (D) دو |
| 2 | ''بچہ پھول جیسا ہے'' اس جملے میں ''بچہ'' کیا ہے: | (A) مشبہ | (B) مشبہ بہ | (C) وجہ تشبیہ | (D) حرف تشبیہ |
| 3 | حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا: | (A) رضیہ | (B) سکینہ | (C) ہاجرہ | (D) سلمٰی |
| 4 | تشبیہ ہے: | (A) میرا بیٹا آ گیا | (B) میرا شیر آیا | (C) میرا چاند سا بیٹا | (D) میرا ہیرا |
| 5 | اچھن کس کا انتظار کر رہی تھی: | (A) باپ | (B) بھائی | (C) ماں | (D) دوست |
| 6 | '' میرا چاند آیا '' ہے: | (A) تشبیہ | (B) تلمیح | (C) استعارہ | (D) مشبہ |
| 7 | ''کیا واقعی دنیا گول ہے؟'' کے مصنف کا نام ہے: | (A) پطرس بخاری | (B) مشتاق احمد یوسفی | (C) غلام عباس | (D) ابنِ انشا |
| 8 | نوجوان کو حادثہ کس سڑک پر جاتے ہوئے پیش آیا: | (A) ڈیوس روڈ پر | (B) لارنس روڈ پر | (C) مال روڈ پر | (D) میکلوڈ روڈ پر |

( ورق الٹئے )

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

pakcity.org

# Lahore Board-2019



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9-1 | " تلمیح " کے لفظی معنی ہیں: | (A) اشارہ کرنا | (B) ادھار دینا | (C) ہم شکل | (D) مانند قرار دینا |
| 10 | قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کل کتنی کتب تھیں: | (A) ایک لاکھ | (B) ایک لاکھ سے زائد | (C) دو لاکھ سے زائد | (D) تین لاکھ |
| 11 | وزیرِاعظم نے حلف اٹھا ---- : | (A) لی | (B) لیا | (C) لیے | (D) لیں |
| 12 | ردیف ہمیشہ آتی ہے: | (A) ابتدا میں | (B) درمیان میں | (C) آخر پہ | (D) آخر سے پہلے |
| 13 | اس لفظ ---- املا درست نہیں : | (A) کی | (B) کے | (C) کا | (D) کو |
| 14 | " مقطع " کس زبان کا لفظ ہے: | (A) اُردو | (B) فارسی | (C) عربی | (D) ہندی |
| 15 | دس روپے ---- وہی لاؤ : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کو |
| 16 | " مطلع " کے لفظی معنی ہیں: | (A) کاٹنا | (B) ہم معنی الفاظ | (C) طلوع ہونے کی جگہ | (D) ہم صوت |
| 17 | غزل کے آخری شعر میں اگر تخلص استعمال نہ ہو تو اِسے کہتے ہیں: | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) آخری شعر | (D) ردیف |
| 18 | اخبار آ ---- : | (A) گیا ہے | (B) گئی ہے | (C) گئے ہیں | (D) گئی ہیں |
| 19 | ' لایا ، پایا ، گایا ' شعری اصطلاح کی رُو سے ہیں: | (A) ردیف | (B) مطلع | (C) مقطع | (D) قافیہ |
| 20 | پیاز سندھ سے ---- : | (A) آ رہی ہے | (B) آ رہا ہے | (C) آ رہے ہیں | (D) آ رہی ہیں |

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I ( انشائیہ طرز ) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

pakcity.org

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

وائے نادانی ! کہ تو محتاجِ ساقی ہو گیا   مے بھی تُو ' مینا بھی تُو ' ساقی بھی تُو ' محفل بھی تُو

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاکِ غیر اللہ کو   خوفِ باطل کیا کہ ہے غارت گرِ باطل بھی تُو

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 9,1

ڈرتا ہوں دیکھ کر دلِ بے آرزو کو میں   سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ' مہمان تو گیا

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں   لیکن اسے جتا تو دیا ' جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا ' پر ہزار شکر   مجھ کو وہ میرے نام سے ' پہچان تو گیا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے : 10,3,1,1

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیزگاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ورق الٹیے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

## Lahore Board-2019



3۔ (ب) نہ تم مجرم، نہ میں گنہگار۔ تم مجبور، میں ناچار۔ لو اب کہانی سنو، میری سرگزشت میری زبانی سنو۔ نواب مصطفیٰ خاں بہ میعاد سات برس کے قید ہو گئے تھے، سو ان کی تقصیر معاف ہوئی اور ان کو رہائی ملی۔ صرف رہائی کا حکم آیا ہے۔ جہانگیرآباد کی زمینداری اور دِلی کی املاک اور پنسن کے باب میں ہنوز کچھ حکم نہیں ہوا۔ ناچار وہ رہا ہو کر میرٹھ ہی میں ایک دوست کے مکان میں ٹھہرتے ہیں۔ بہ مجرد استماع اِس خبر کے، ڈاک میں بیٹھ کر میرٹھ گیا۔ اُن کو دیکھا۔ چار دن وہاں رہا، پھر ڈاک میں اپنے گھر آیا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) اپنی مدد آپ ۔ (ب) چراغ کی لو ۔ 9,1

5۔ اختر شیرانی کی نظم ''برسات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو نوجوانوں کے درمیان ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج کی سالانہ کھیلوں کے آخری دن کی رُوداد تحریر کیجیے۔

7۔ پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

انسان، آدمی کی سی شکل رکھنے کا نام نہیں بلکہ ان صفات کے مجموعے کا نام ہے جس سے آدمی اور جانور میں تمیز پیدا ہوتی ہے۔ آدمی اگر ایک یا ایک سے زیادہ صفات کے اعتبار سے کسی جانور کی عادت یا عادات کے مشابہ ہو تو وہ آدمی کے قالب میں جانور ہوگا، چاہے وہ بظاہر کتنا ہی قبول صورت یا مالک جاہ وحشمت کیوں نہ ہو۔ جب ایک جابر اور ظالم آدمی کسی بے گناہ اور مظلوم کے سینے پر گھٹنے رکھ کر اس کا گلا دبا رہا ہوتا ہے تو وہ اس بھیڑیے کی مانند ہوتا ہے جس نے کسی معصوم بھیڑ بچہ کے جسم میں پنجے گاڑے ہوتے ہیں۔ اسی طرح ہم اپنے مختلف اعمال وافعال کی بنا پر نہ جانے کس کس جانور کی شکل اختیار کرتے رہتے ہیں۔ اگر ہم کسی طرح اپنی بھیانک شکلوں کو دیکھ سکیں تو شاید خود چیخ اٹھیں اور اپنے اندر کے انسان کو تلاش کرنے کی کوشش کریں۔



pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : 1 (معروضی طرز) PAPER CODE = 6024 کل نمبر : 20

pakcity.org

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ‘B ‘C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ردیف کی نشاندہی کیجیے ' اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا ' : | (A) اثر | (B) اس کو | (C) راحت فزا | (D) نہیں ہوتا |
| 2 | قافیہ آتا ہے: | (A) شعر کے درمیان میں | (B) ردیف کے بعد | (C) شعر کے شروع میں | (D) ردیف سے پہلے |
| 3 | رات میں نے خواب ۔۔۔۔ : | (A) دیکھا | (B) دیکھی | (C) دیکھیں | (D) دیکھے |
| 4 | گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش! میں ''اے کاش!'' ہے: | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) ردیف | (D) قافیہ |
| 5 | اُردو ڈائجسٹ چھپ ۔۔۔۔ ہے : | (A) گئی | (B) گئیں | (C) گئے | (D) گیا |
| 6 | مقطع کی اصل پہچان ہے: | (A) تخلص | (B) قافیہ | (C) ردیف | (D) غیر مردف |
| 7 | بانگ درا کس ۔۔۔۔ تصنیف ہے : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کیں |
| 8 | میں نے آج اخبار نہیں ۔۔۔۔ : | (A) پڑھا | (B) پڑھی | (C) پڑھے | (D) پڑھیں |

( ورق الٹیے )

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

pakcity.org



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-9 | غزل میں قافیہ آ سکتا ہے: | (A) ردیف کے بغیر | (B) مطلع کے بغیر | (C) مقطع کے علاوہ | (D) ان میں سے کوئی نہیں |
| 10 | اُسے اُردو نہیں ۔۔۔۔ : | (A) آتی | (B) آتا | (C) آتا ہے | (D) آتیں |
| 11 | ''بزم عدو میں صورت پروانہ دل میرا'' مشبہ کی نشاندہی کیجیے: | (A) دل | (B) بزم | (C) پروانہ | (D) صورت |
| 12 | فضل الباری کون تھے: | (A) وزیرِ تعلیم | (B) وزیرِ خزانہ | (C) وزیرِ خارجہ | (D) وزیرِ صحت |
| 13 | ادات تشبیہ کہتے ہیں: | (A) طرفین تشبیہ کو | (B) حروف تشبیہ کو | (C) مشبہ کو | (D) غرض تشبیہ کو |
| 14 | قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں: | (A) دو لاکھ سے زائد | (B) دو لاکھ | (C) تین لاکھ سے زائد | (D) ڈیڑھ لاکھ |
| 15 | استعارہ ہے: | (A) میرا چاند | (B) شیر کی طرح بہادر | (C) گلاب جیسا | (D) کوہ کن |
| 16 | اچھن کا باپ روزانہ بیڑیاں پیتا تھا: | (A) دو | (B) چار | (C) چھ | (D) آٹھ |
| 17 | جس سے کسی کو تشبیہ دی جائے، کہلاتی ہے: | (A) مشبہ بہ | (B) مشبہ | (C) وجہ شبہ | (D) حرف تشبیہ |
| 18 | کہاں کا تھانیدار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا تھا: | (A) موچی دروازے کا | (B) جہانگیر آباد کا | (C) میرٹھ کا | (D) لاہوری دروازے کا |
| 19 | '' تختِ سلیمان '' ہے: | (A) استعارہ | (B) مشبہ | (C) تشبیہ | (D) تلمیح |
| 20 | سرسید کے مطالعے کا مقصد ہوتا تھا: | (A) عبارت سے دل بہلانا | (B) عبارت سے لطف اٹھانا | (C) مصنف کے خیالات سے واقفیت | (D) تفریحِ طبع |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Lahore Board-2019

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 219 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں حق عیاں ہو جائے گا ، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے فقط عنایت پروردگار ، راہ میں ہے

سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے ہزار ہا شجرِ سایہ دار ، راہ میں ہے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) نوجوان سِلک کے گلوبند کو کچھ اس ڈھب سے گلے پر لپیٹے رکھتا تھا کہ اس کا سارا سینہ چھپا رہتا تھا۔ اس کے جسم پر مَیل کی تہیں بھی خوب چڑھی ہوئی تھیں۔ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کم سے کم پچھلے دو مہینے سے نہیں نہایا۔ البتہ گردن خوب صاف تھی اور اس پر ہلکا ہلکا پوڈر لگا ہوا تھا۔ سویٹر اور بنیان کے بعد پتلون کی باری آئی۔ پتلون کو پیٹی کے بجائے ایک پرانی دھجی سے جو شاید کبھی نکٹائی ہو گی خوب کس کے باندھا گیا تھا۔

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org www.pakcity.org

## Lahore Board-2019



3۔ (ب) جولائی سے مینہ شروع ہوا۔ شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں۔ بالاخانے کا جو دالان میرے اُٹھنے، بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا۔ قلمدان، کتابیں اُٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) اپنی مدد آپ ۔ (ب) اوورکوٹ ۔ 9,1

5۔ علامہ اقبالؒ کی نظم ”خطاب بہ جوانانِ اسلام“ کا خلاصہ تحریر کیجیے ۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں منعقدہ مقابلہ حسنِ نعت کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے ۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے : 8,2

کفایت شعاری نام ہے اعتدال کی روش کا یعنی چادر کے مطابق پاؤں پھیلائے جائیں بلکہ چادر کو زیادہ پھیلایا جائے اور پاؤں کم، اِسی میں سہولت اور راحت ہے۔ جو انسان اخراجات کے سلسلے میں حد سے بڑھتا ہے وہ خود کو انسانیت کے اعلا مقام سے گرا لیتا ہے کیوں کہ قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ زندگی کی نعمتوں سے لطف اندوز ہونے سے منع نہیں کرتا بلکہ تلقین یہ ہے کہ کھاؤ پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو۔ اب یہ ہمارے اپنے بس میں ہے کہ ہم مالی استطاعت ہونے کے باوجود خود کو قابو میں رکھتے ہیں یا بے قابو ہو کر شیطان کے بھائی بنتے ہیں۔

2-219-II-(Essay Type)-110000

pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 218 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 6027 کل نمبر : 20

( پہلا گروپ )

pakcity.org

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔1 | سبق ''ابوالقاسم زہراوی'' کا مصنف کون ہے: | (A) سلیمان ندوی | (B) الطاف حسین حالی | (C) حمید عسکری | (D) سرسید احمد خا |
| 2 | کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہیں گے: | (A) تشبیہ | (B) استعارہ | (C) تلمیح | (D) قافیہ |
| 3 | استعارہ کس زبان کا لفظ ہے: | (A) عربی | (B) فارسی | (C) سندھی | (D) ہندی |
| 4 | کبوتر کو کس بات کی فکر لگی رہتی تھی: | (A) جان کی | (B) بچوں کی | (C) انڈوں کی | (D) طوفان کے آ |
| 5 | نصف دریا کو اصطلاح میں کیا کہا گیا ہے: | (A) آدھا دریا | (B) آدھا راوی | (C) راوی ضعیف | (D) کمزور راو |
| 6 | سیرتِ طیبہ میں کس کے لیے نصیحت پذیری ہے: | (A) معلموں کے لیے | (B) واعظوں کے لیے | (C) ہر طبقے کے لیے | (D) غریبوں کے |
| 7 | تشبیہ کے لغوی معنی کیا ہیں: | (A) ہم شکل | (B) ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا | (C) شبہ کرنا | (D) مشترک صف |
| 8 | نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے، اس شعر میں موجود ہے: | (A) استعارہ | (B) تشبیہ | (C) تلمیح | (D) کنایہ |
| 9 | کسی شعر یا عبارت میں ''طوفانِ نوح'' کا ذکر ہو تو کونسی اصطلاح ہوگی: | (A) استعارہ | (B) تشبیہ | (C) تلمیح | (D) مجازِ مرسل |
| 10 | کس کا ذکر آنے سے سرسید کا دل بھر آتا: | (A) بھائی | (B) بیٹا | (C) دلی کا | (D) والدہ کی |
| 11 | وہ ہم آواز الفاظ جو کسی شعر میں ردیف سے پہلے آئیں کیا کہلاتے ہیں: | (A) قافیہ | (B) ردیف | (C) مطلع | (D) مقطع |
| 12 | اکبر کے سر میں درد ۔۔۔ : | (A) ہو رہا ہے | (B) ہو رہی ہے | (C) ہو رہے ہیں | (D) ہوتی رہتی ہے |
| 13 | ردیف کے لغوی معانی ہیں: | (A) اشارہ کرنا | (B) پیچھے آنا | (C) اُدھار لینا | (D) گھڑ سوار کے پیچھے بی |
| 14 | دس روپے ۔۔۔ دہی لاؤ : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کو |
| 15 | ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی، اس شعر میں ردیف کیا ہے: | (A) ابن مریم | (B) ہوا، دوا | (C) کرے | (D) کر |
| 16 | یہ اُردو ۔۔۔ بہترین لغت ہے : | (A) کی | (B) کا | (C) کے | (D) کو |
| 17 | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرتا ہے کیا کہلاتا ہے: | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) قافیہ | (D) رد |
| 18 | اس نے قلم دوات میز پر ۔۔۔ : | (A) رکھا | (B) رکھی | (C) رکھے | (D) رکھیں |
| 19 | ڈاکٹر نے زخموں پر مرہم ۔۔۔ : | (A) رکھا | (B) رکھی | (C) رکھے | (D) رکھو |
| 20 | ردیف سے پہلے آتا ہے: | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) قافیہ | (D) کچھ بھی نہیں |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن2014-2016 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔I) — وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 8,1,1

یہ پرچم ہے نشاں، عالم میں فتح و کامرانی کا — زمیں پر ابرِ رحمت ہے، نویدِ آسمانی کا
یہ پرچم ہے روایاتِ عظیم الشان کا پرچم — یہی پرچم ہے استقلالِ پاکستان کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

ہوائے دورِ مئے خوش گوار، راہ میں ہے — خزاں چمن سے ہے جاتی، بہار راہ میں ہے
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر، ہستی میں — نہ کوئی شہر، نہ کوئی دیار راہ میں ہے
سفر ہے شرط، مسافر نواز بہتیرے — ہزار ہا شجرِ سایہ دار، راہ میں ہے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 10,3,1,1

(الف) اس جبلی مہر و محبت کا مقتضا تھا کہ وہ اپنے رفیقوں اور نوکروں اور لگے بندھوں کو تا بمقدور عمر بھر اپنے ساتھ نباہنا چاہتے تھے۔ جس شخص کے قدم ان کے ہاں جم گئے پھر نہ وہ اس کو اپنے پاس سے جدا کرنا چاہتے تھے اور نہ وہ ان سے جدا ہونا چاہتا تھا۔ اوّل تو وہ کسی کی شکایت سنتے نہ تھے اور اگر کوئی کسی ملازم کی کوئی شکایت کرتا تھا تو اس کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا۔ ان کے ایک قدیم ملازم کی لوگوں نے ان سے بارہا شکایت کی مگر وہ کسی طرح ان کے دل سے نہ اترا۔ ہمیشہ ان کا معتمد علیہ اور سفر و حضر میں ان کے ہمراہ رہا اور آخر انھیں کی رفاقت میں مر گیا۔

(ورق الٹیے)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2018



3۔ (ب) دکان میں ہن برس رہا تھا۔ مالک کے نام پر بینک میں سونے چاندی کے پہاڑ کھڑے ہو رہے تھے تو اسے کیا۔ وہی مثل کہ بی بی عید آئی۔ جواب ملا۔ دُور موئی تجھے اپنی ٹکیا روٹی سے مطلب....اسے تو جیسے اپنے دس روپوں کے سائے میں بٹھا دیا گیا تھا۔ جہاں ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں کا دائرہ روزبروز تنگ ہی ہوتا جا رہا تھا۔ اس نے سُنا کہ مل مزدوروں نے مہنگائی بھتہ لینا شروع کر دیا۔ کسانوں کی بن آئی۔ معمولی دکانوں کے ملازموں کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہو گیا اور یہاں تک کہ بوجھ اٹھانے والوں نے بھی اپنی مزدوری بڑھا دی تو اس کے دل میں بھی امنگ اٹھی کہ مالک سے صاف کہہ دے کہ میری تنخواہ بڑھاؤ۔

9,1 4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) ادیب کی عزت ۔ (ب) اورآنا گھر میں مرغیوں کا۔

5 5۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم ''تسلیم و رضا'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

10 6۔ دو طالب علموں کے درمیان لوڈشیڈنگ کے امتحانات پر اثرات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

یا

یومِ اقبالؒ کے موقع پر منعقدہ تقریب کی رُوداد تحریر کیجیے۔

10 7۔ حصولِ ملازمت کے لیے کمشنر کے نام درخواست تحریر کیجیے۔

8,2 8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

وینس کا حسن دن کی نسبت رات کو کسی قدر نکھر آتا ہے۔ اس وقت اس میں بے پناہ کشش پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کے سامنے باہر سے آنے والے مسافر اپنے آپ کو بے بس محسوس کرتے ہیں۔ اس حسن کا تعلق برقی قمقموں یا تیز روشنی سے نہیں بلکہ اس تاریکی سے ہے جو شام کے دھند لکے کے ساتھ ہی وینس کی لہروں میں اُترنا شروع ہو جاتی ہے اور جوں جوں شام گزرتی ہے اس تاریکی کی گہرائی خود وینس کے حسین چہرے کو اس طرح پُرکشش بنا دیتی ہے جس طرح سے بعض اوقات سیاہ پلکوں میں لپٹی ہوئی شفاف آنکھوں کا حسن کاجل کی سیاہی سے اُبھر آتا ہے۔



pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 218 - (انٹر پارٹ۔I) وقت : 20 منٹ

pakcity.org

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 6024** کل نمبر : 20

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | نظم یا نثر میں کسی سیاسی، تاریخی، مذہبی یا افسانوی واقعہ کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے: | (A) تشبیہ | (B) تلمیح | (C) استعارہ | (D) مجاز مرسل |
| 2 | کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کی مانند قرار دینا ہے : | (A) مجاز مرسل | (B) استعارہ | (C) تشبیہ | (D) کنایہ |
| 3 | لڑکوں نے شور ۔۔۔ : | (A) مچائی | (B) مچایا | (C) مچائے | (D) مچائیں |
| 4 | ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے : | (A) دو | (B) تین | (C) چار | (D) پانچ |
| 5 | نازیہ اور شازیہ نے کہا ہم بازار جائیں ۔۔۔ : | (A) گی | (B) گیں | (C) گے | (D) گیا |
| 6 | وہ چیز جس کے ساتھ کسی دوسری چیز کو تشبیہ دی جائے | (A) مشبہ | (B) مشبہ بہ | (C) وجہ تشبیہ | (D) غرض تشبیہ کہتے ہیں |
| 7 | بات رکھتے ہی ترازو ٹوٹ ۔۔۔ : | (A) گیا | (B) گئیں | (C) گئے | (D) گئی |
| 8 | انگریزی پوری دنیا میں ۔۔۔ ہے : | (A) سمجھا جاتا | (B) سمجھے جاتا | (C) سمجھی جاتی | (D) سمجھے جاتی |
| 9 | استعارہ کے لغوی معنی ہیں : | (A) جان لینا | (B) ماننا | (C) ادھار لینا | (D) ادھار دینا |
| 10 | اس ۔۔۔ کرتوت پر اس کا والد شرمندہ ہے : | (A) کا | (B) کی | (C) کے | (D) کیں |
| 11 | مطلع کے دونوں مصرعوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے میں ردیف سے پہلے آتا ہے: | (A) قافیہ | (B) کنایہ | (C) مقطع | (D) استعارہ |
| 12 | "اپنی مدد آپ" ایک آزمودہ ۔۔۔ ہے: | (A) خیال | (B) نظریہ | (C) تجربہ | (D) مقولہ |
| 13 | عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں نہ کوئی شہر نہ کوئی دیار راہ میں ہے، ردیف کی نشاندہی کیجیے: | (A) راہ میں ہے | (B) ہستی میں | (C) کوئی شہر | (D) فکر |
| 14 | التصریف کا موضوع کیا ہے : | (A) عملی جراحت | (B) طب اور جراحت | (C) جراحت | (D) میڈیسن |
| 15 | ردیف کے لغوی معنی ہیں: | (A) بار بار آنے والا | (B) آہستہ آہستہ آنے والا | (C) دوڑنے والا | (D) گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا |
| 16 | اقبال" کا پہلا خط کس کے نام ہے: | (A) اکبر الٰہ آبادی | (B) مولانا گرامی | (C) حکیم اجمل خاں | (D) ڈاکٹر عبدالرحمٰن |
| 17 | غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں کیا کہلاتا ہے: | (A) قافیہ | (B) مطلع | (C) تلمیح | (D) مقطع |
| 18 | سرسید کھانے کے بعد کیا پیتے تھے: | (A) کافی | (B) چائے | (C) دودھ | (D) پانی |
| 19 | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے: | (A) مطلع | (B) مقطع | (C) تشبیہ | (D) قافیہ |
| 20 | سبق "چراغ کی لو" کے مصنف کا کیا نام ہے: | (A) غلام عباس | (B) ہاجرہ مسرور | (C) احمد ندیم قاسمی | (D) خدیجہ مستور |

2-218-II-(Objective Type)-25750 (6024)

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Lahore Board-2018

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن2014-2016 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) — 218 - (انٹر پارٹ۔ا) — وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : I (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — کل نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے : 8,1,1

ٹھنڈی ہوا ہیں، سبزۂ صحرا کی وہ لہک — شرمائے جس سے، اطلس زنگاری فلک
وہ جھومنا درختوں کا، پھولوں کی وہ مہک — ہر برگِ گل پہ، قطرۂ شبنم کی وہ جھلک

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے — ہم اور بلبل بے تاب، گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا — زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے : 10,3,1,1

(الف) طلبہ کی کئی قسمیں ہوتی ہیں جن میں چند مشہور ہیں۔ قسم اوّل جمالی کہلاتی ہے۔ یہ طلبہ عام طور پر پہلے درزیوں کے ہاں تیار ہوتے ہیں، بعد ازاں دھوبی اور پھر نائی کے پاس بھیجے جاتے ہیں اور اس عمل کے بعد کسی ریستوران میں ان کی نمائش کی جاتی ہے۔ دوسری قسم جلالی طلبہ کی ہے۔ ان کا شجرہ جلال الدین اکبر سے ملتا ہے، اس لیے ہندوستان کا تخت و تاج ان کی ملکیت سمجھا جاتا ہے۔ شام کے وقت چند مصاحبوں کو ساتھ لیے نکلتے ہیں اور جودوسخا کے خم لنڈھاتے پھرتے ہیں۔

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Lahore Board-2018



3۔ (ب) قمر اپنے اوپر جھنجلا رہے تھے۔ دعوتی کارڈ پا کر وہ پھولے نہ سمائے تھے لیکن یہاں آ کر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی اس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ اُنھوں نے اپنے آپ کو طعن کی۔ ''تمھارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آ سکتے۔ وکیل تمھارا احترام کیوں کریں؟ تم ان کے موکل نہیں ہو سکتے۔ ڈاکٹر اور حکیم تمھاری طرف کیوں دیکھیں جو اُنھیں بغیر فیس کے گھر آنے کی ضرورت نہیں۔ تم لکھنے کے لیے بنے ہو۔ لکھتے جاؤ۔ اس دنیا میں تمھارا اور کوئی مصرف نہیں۔''

9,1 4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) اسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ (ب) دوستی کا پھل۔

5 5۔ اقبالؒ کی نظم ''پیغام'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

10 6۔ دو طالب علموں کے درمیان دہشت گردی پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

یا

کالج میں منعقدہ یوم اقبالؒ کی تقریب کی روداد قلمبند کیجیے۔

10 7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔

8,2 8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

ہر ایک سے ادب سے ملنا چاہیے۔ محفل میں تھوکنا نہیں چاہیے۔ جماہی یا چھینک آئے تو منہ پر ہاتھ رکھ لینا چاہیے۔ آواز پست رکھ کر گفتگو کرنا چاہیے۔ کسی کی طرف پُشت نہیں کرنا چاہیے۔ کسی کی طرف پاؤں بھی نہیں کرنا چاہیے۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دے کر نہیں بیٹھنا چاہیے۔ انگلیاں نہیں چٹخانا چاہیے۔ جہاں تک ممکن ہو خود کلام شروع نہیں کرنا چاہیے۔ دوسرا شخص بات کرے تو خوب توجہ سے سُننا چاہیے۔ بیچ میں نہیں بولنا چاہیے۔ البتہ گناہ کی بات ہو تو اُسے منع کر دینا چاہیے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org
pakcity.org
www.pakcity.org